علم دین حاصل کرتے ہوئے فوت ہونے کی فضیلت

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر:WAT-2379

تاریخ اجراء: 07رجب المرجب1445ھ /19جنوری2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا علم دین حاصل کرتے ہوئے دورانِ طالب علمی موت آنے کی کوئی فضیلت ہے؟ اگر ہے تو ارشاد فرمادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

علمِ دین حاصل کرنے والے کو اگر دورانِ طالب علمی موت آجائے تو احادیثِ مبارکہ میں اس کے بارے میں درج ذیل فضیلتیں بیان کی گئی ہیں:

(1): دوران طالب علمی وفات پانے والا، اللہ تعالی سے ملاقات کے وقت درجہ نبوت کے علاوہ انبیاء کرام علیہم السلام کے درجے میں ہو گا، چنانچہ "المعجم الاوسط للطبرانی" میں حدیثِ مبارک منقول ہے: " قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم من جاءہ أجلہ وھو یطلب العلم لقي اللہ ولم یکن بینہ وبین النبیین إلا درجة النبوة" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کو علم دین حاصل کرتے ہوئے موت آگئی، وہ اللہ تعالی سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ اس کے اور انبیاء کرام علیہم السلام کے درمیان صرف درجہ نبوت کا فرق ہو گا۔ (المعجم الأوسط، جلد9، صفحہ174، مطبوعہ دار الحرمین، القاھرۃ)

(2): دوران طالب علمی وفات پانے والے اور انبیاء کرام علیہم السلام کے درمیان جنت میں ایک درجے کا فرق ہو گا، چنانچہ علامہ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ نے "جامع بیان العلم و فضلہ" میں حدیثِ مبارک نقل کی ہے: "قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من جاءہ الموت وھو یطلب العلم لیحیي بہ الإسلام فبینہ وبین الأنبیاء في الجنة درجة واحدة" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر کسی کو موت اس حال میں آئے کہ وہ علم حاصل کر رہا تھا تاکہ اس علم کے ذریعے اسلام کو زندہ کرے گا تو اس کے اور انبیاء کرام کے درمیان جنت میں صرف ایک درجے کا فرق ہو گا۔ (جامع بیان العلم وفضلہ، جلد1، صفحہ206، مطبوعہ دار ابن الجوزي، السعودیة)

(3): دوران طالب علمی وفات پانے والا، شہید ہے، چنانچہ ”الکنز العمال“ میں ہے: ”إذا جاء الموت لطالب العلم وھو علی ھذہ الحال مات وھو شھید“ ترجمہ: جو کوئی علم دین حاصل کرتے ہوئے، وفات پا جائے، تو وہ شہید ہے۔ (کنز العمال، جلد 10، صفحہ 137، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net